خادم حسین

حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے۔

دجّال قادیان!

مصنف: محمد طاہر عبدالرزاق، ضخامت: ۱۷۶ صفحات
قیمت: ۷۰ روپے
ملنے کا پتہ: دارالکتاب، عزیز مارکیٹ اردو بازار لاہور

ردّ قادیانیت کے لٹریچر کے مصنفین میں محمد طاہر "عبدالرزاق" ایک معروف نام ہے۔ اس نوجوان کا جذبہ دینی، حب رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور عزم و استقامت کو دیکھ کر ان کیلئے دل سے دعائیں نکلتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس محنت و کاوش کو ان کیلئے توشہ آخرت بنا دے (آمین)

کتاب کے سرورق پر مصنف کا نام اس طرح درج ہے "محمد طاہر رزاق" میں نے تصرف کر کے اسے طاہر عبدالرزاق سے بدل دیا ہے وجہ یہ ہے کہ "رزاق" اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک ہے۔ عبودیت کے اظہار کے بغیر اس کے معنی مخلوق کے شایانِ شان نہیں۔ میری درخواست ہے کہ مصنف آئندہ اپنی تمام کتابوں پر اپنا نام "طاہر عبدالرزاق لکھیں۔

زیر تبصرہ کتاب "دجّال قادیان" مرزا قادیانی کی شخصیت کا تجزیہ ہے جو دراصل مصنف کے ردّ قادیانیت میں لکھے ہوئے دس مضامین کا مجموعہ ہے۔ تاریخ و تحقیق اور محاسبۂ قادیانیت پر مشتمل ان کی تحریروں کا حسین مرقع ہے ابتداء میں جاوید چودھری اور ڈاکٹر وحید عشرت کے جاندار مقدمات سے کتاب مستند ہو گئی ہے۔

ذیل کے عنوانات سے ہی اندازہ کر لیں کہ کتاب اپنے اندر دلائل کی کتنی طاقت لئے ہوئے ہے۔

اللہ کا گستاخ، کیا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی ہیں، مرزا قادیانی کو نبی کیوں بنایا گیا، ختم نبوت کے پاسبان، مرزا قادیان کا حافظہ، مسٹر گالی گلوچ، مجرم اعتراف جرم کرتا ہے، مرزا قادیانی کا بچپن، قادیان کا بد کردار، ایک منہ دو زبانیں۔ کمپیوٹر کتابت، مجلد، چہار رنگے سرورق پر مرزا قادیانی کی تصویر جو دجال سے مکمل مشابہ ہے۔ اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ۔

"قادیانیت کُش"

مصنف: طاہر عبدالرزاق، ضخامت: ۱۵۷ صفحات
قیمت: ۸۰ روپے
ملنے کا پتہ: دارالکتاب، عزیز مارکیٹ اردو بازار لاہور

زیر تبصرہ کتاب بھی مصنف کی مختلف تحریروں کا مجموعہ ہے جو فتنۂ قادیانیت کے محاسبہ و تردید میں لکھی گئیں۔

قادیانی اخلاق، ڈاکٹر عبدالسلام، مرزا قادیانی کا معافی نامہ، مرزائیت شکن مجاھد، مرزا قادیانی کے فرشتے، اے گستاخِ رسول، ذرا دامن تو دیکھ، مرزا قادیانی کا جسمانی ڈھانچہ، قادیانی نواز اسلام کا موذی دشمن، مرزا قادیانی کی خوراک، ظالم کون، مسلمان یا مرزا قادیانی، گلدستۂ اشعار ختم نبوت۔

عنوانات خود بولتے ہیں کہ مصنف نے کس جرأت کے ساتھ قادیانی ناسور کو کاٹا ہے۔ ان کا قلم حُب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنائی لیکر ظلمت زار قادیان پر پوری قوت اور آب و تاب کے ساتھ حملہ آور ہے۔ تحریک ختم نبوت کے ہر کارکن کیلئے اس کا مطالعہ ازحد ضروری ہے۔